سبق – 16

# نئی کہانی

ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی
ایک تھا راجا، ایک تھی رانی
نئی کہانی ہمیں سُناؤ
امّی! ہمارا جی بہلاؤ
ہم نہ سُنیں گے شیر کا قِصّہ
آجاتا ہے ہم کو غُصّہ
ہم تو سُنیں گے قِصّہ ایسا
ایک ہو بچّہ اپنے جیسا



© NCERT not to be republished

پار کرے وہ سات سمندر
سَیر کرے آکاش پہ جاکر
بادل میں وہ جھوٗلا جھوٗلے
چاند ستاروں کو بھی چھوٗلے
امّی! میری اچھّی امّی
کہہ دو آج کہانی ایسی

(سیّدہ فرحتؔ)

© NCERT not to be republished

## مشق



پڑھیے اور سمجھیے۔

| | |
|---|---|
| قصّہ | : کہانی |
| آکاش | : آسمان |



ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. بچّہ کیسی کہانی سننا چاہتا ہے؟
2. بچّہ نئی کہانی کس سے سننا چاہتا ہے؟

3. بچّے کو غُصّہ کس بات پر آتا ہے؟

4. بچّہ کہاں کی سَیر کرنا چاہتا ہے؟

5. بچّہ کن چیزوں کو چھُونا چاہتا ہے؟



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

| قصّہ | کہانی | اچھّی | بچّہ | جھوُلا |
|---|---|---|---|---|

1. نئی ______ ہمیں سناؤ
2. ہم نہ سنیں گے شیر کا ______
3. ایک ہو ______ اپنے جیسا
4. بادل میں وہ ______ جھوُلے
5. امّی! میری __________ امّی



## نیچے دیے ہوئے لفظوں کے صحیح حرف پر تشدید لگا کر لکھیے۔

امی = ______

قصہ = ______

© NCERT not to be republished

غصہ = ______

بچہ = ______

اچھی = ______



نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی | سَیر کرے آکاش پہ جاکر |
| ہم نہ سُنیں گے شیر کا قصّہ | چاند ستاروں کو بھی چھولے |
| پار کرے وہ سات سمندر | کہہ دو آج کہانی ایسی |
| بادل میں وہ جھولا جھولے | ایک تھا راجا ایک تھی رانی |
| امّی! میری اچھّی امّی | آجاتا ہے ہم کو غُصّہ |



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

مثال : بچّہ = بچّوں

قصّہ = ______

پرندہ = ______

© NCERT not to be republished

ستارہ = ________

ہفتہ = ________

حصّہ = ________




نظم دیکھ کر دوسری لائن لکھیے۔


1. ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی ________
2. ________ آجاتا ہے ہم کو غُصّہ
3. پار کرے وہ سات سمندر ________
4. ________ چاند ستاروں کو بھی چھُولے
5. امّی! میری اچھّی امّی ________




نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔



________



________



________

© NCERT not to be republished







______ ______ ______



خوش خط لکھیے۔

- کہانی ______
- بہلانا ______
- آکاش ______
- سمندر ______
- جھولا ______



اس نظم کو یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished